**03.09.2024**

**21.15 Hrs**

## HL-OPENNING

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں اسلم بیگ

Music

.........................................................................

☆ وزیر اعظم نریندر مودی برونئی اور سنگاپور کے دو ملکوں کے اپنے دورے کے پہلے مرحلے میں Bandar Seri Begawan پہنچ گئے ہیں۔ انھوں نے برونئی میں بھارتی ہائی کمیشن کی نئی چانسری کا افتتاح کیا۔

☆ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے کہا ہے کہ ملک کی ترقی، خواتین کی سماجی واقتصادی ترقی کے بغیر پوری طرح حاصل نہیں کی جاسکتی۔

☆ حکومت نے ملک کی دفاعی تیاری میں اضافے کیلئے ایک لاکھ 45 ہزار کروڑ روپئے مالیت کی تجاویز کو منظوری دی ہے۔

☆ چھتیس گڑھ بَستر ڈویژن میں سکیورٹی دستوں کے ساتھ ایک جھڑپ میں 9 ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔

☆ مغربی بنگال اسمبلی نے Aparajita خواتی اور بچوں کے بل کو منظوری دے دی ہے جس میں، آبروریزی اور جنسی طور پر ہراساں کرنے کے جرم پر سخت ترین سزا کی گنجائش ہے۔

☆ اور پیرس پیرالمپک میںMariyappan Thangavelu، شرد کمار اور Shailesh Kumar آج رات مردوں کے ہائی جمپ T63 فائنل راؤنڈ میں مقابلہ کریں گے۔

.........................................................................

(Music)

اب خبریں تفصیل سے

***PM Brunei***

وزیر اعظم نریندر مودی نے آج شام برونئی میں، بندر سَیری Begawan میں بھارتی ہائی کمیشن کی، نئی چانسری کا افتتاح کیا۔ سوشل میڈیا پلیٹ فارم X پر پوسٹ کیے گئے ایک ویڈیو پیغام میں وزارت خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ جناب مودی، برونئی اور سنگاپور کے اپنے دو ملکی دورے کے پہلے مرحلے میں آج دوپہر بندر سَیری Begawan پہنچ گئے۔

ایک رپورٹ............

VC- Suparna Saikia

وزیر اعظم مودی، نئی چانسری میں ایک دیا جلائیں گے اور کتبے کی نقاب کشائی کریں گے۔ چانسری عمارت، بھارتی ثقافت کی عکاس ہے اور اِس میں بڑے پیانے پر شجرکاری کی گئی ہے۔ اِس میں نہایت خوبصورتی کے ساتھ کوٹے کا پتھر استعمال کیا گیا ہے۔ وزیر اعظم نے بھارتی برادری کے ارکان سے بات چیت کی، جو افتتاح کے وقت موجود تھے۔ انھوں نے اِن افراد کو دونوں ملکوں کے درمیان ایک پُل کے طور پر سراہا، جس کی وجہ سے دو طرفہ تعلقات مستحکم ہوئے ہیں۔ برونئی میں بھارتی افراد کے پہنچنے کا سلسلہ 1920 کی دہائی میں شروع ہوا تھا، جب یہاں تیل کی دریافت ہوئی تھی۔ فی الحال برونئی میں تقریباً 14 ہزار بھارتی افراد رہ رہے ہیں۔ جناب مودی نے برونئی میں عمر علی سیف الدین مسجد کا بھی دورہ کیا۔

سپرنا سائیکا کی رپورٹ کے ساتھ اردوں خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

جناب مودی نے کہا کہ چونکہ بھارت اور برونئی اپنے سفارتی تعلقات کے 40 سال پورے ہونے کا جشن منا رہے ہیں لہذا وہ سلطان حاجی حسن اَل بُلقیا اور شاہی خاندان کے دیگر ارکان سے ملاقات کے خواہاں ہیں۔ جناب مودی اپنے دورے کے دوسرے مرحلے کے تحت کل سنگاپور کیلئے روانہ ہوں گے۔x

## India Kenya Defence

بھارت اور کینیا نے آج نئی دلّی میں مشترکہ دفاعی تعاون کی کمیٹی کی تیسری میٹنگ کے دوران، دفاعی تعاون کے وسیع دائرہ کار پر تبادلہ خیال کیا۔ کینیا کے وفد نے قومی راجدھانی میں بھارتی دفاعی صنعت کے نمائندوں سے ملاقات کی۔ یہ وفد پونے کا بھی دورہ کرے گا جہاں وہ دفاعی صنعت کے نمائندوں کے ساتھ بات چیت کرے گا تاکہ اُن کی صلاحیتوں سے واقفیت حاصل کی جاسکے۔ کینیا کے ساتھ بھارت کے تعلقات دیرینہ، دوستانہ اور قریبی رہے ہیں۔ دفاعی تعاون سے متعلق مفاہمت نامے سے، جس پر جولائی 2016 میں دستخط کئے گئے تھے، باہمی مفاد کیلئے دفاع کے مختلف شعبے میں تعاون کرنے کا ایک قانونی دائرۂ کار فراہم ہوا ہے۔x

## President Maha Council

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو نے خواتین سے متعلق نظریات میں تبدیلی کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ انھوں نے زور دیا کہ ملک کی ترقی، خواتین کی سماجی واقتصادی اور تعلیمی ترقی کے بغیر پورے طور پر حاصل نہیں کی جاسکتی۔ آج شام ممبئی میں مہاراشٹر قانون ساز کونسل کی صد سالہ تقریبات میں خطاب کرتے ہوئے، صدر جمہوریہ مرمو نے اجاگر کیا کہ بھارت کی نصف آبادی خواتین پر مبنی ہے۔ انھوں نے مزید کہا کہ مختلف شعبوں میں اُن کی فعال شرکت، ملک کو آگے لے جانے کیلئے ضروری ہے۔

S/B 2100 President Women

## DAC Defence

حکومت نے ملک کی دفاعی تیاریوں میں اضافے کیلئے ایک لاکھ 45 ہزار کروڑ روپے مالیت کی تجویزوں کو

منظوری دی ہے۔وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ کی قیادت میں، دفاعی ساز و سامان حاصل کرنے والی کونسل DAC نے، اہم ساز وسامان خریدنے کی 10 تجویزوں کو منظوری دی ہے۔ کونسل نے مستقبل میں تیار رہنے والی جنگجو گاڑیوں، ایئر ڈیفنس فائر کنٹرول رڈراس، Dornier-228 طیاروں اور ساحل سے کچھ دور تیزی سے گشت کرنے والے جدید ترین بحری جہازوں کی خریداری کی منظوری دی ہے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے............

VC- Bhupendra Singh

مستقبل میں تیار رہنے والی جنگجو گاڑیوں سے بھارتی فوج کے ٹینکوں کے بیڑے میں جدت آجائے گی اور وہ مختلف علاقوں میں ابھرتے ہوئے خطروں سے موثر طور پر نمٹ سکے گا۔ اِسے اِس طرح ڈیزائن کیا گیا ہے کہ یہ اگلے 33 سے 45 سال تک کام کرسکتی ہے اور یہ جدید طرز کے ساز و سامان اور خود کار آلات سے لیس ہے۔ ایئر ڈیفنس فائر کنٹرول رڈراس، دشمن کے ہتھیاروں کو فضا میں ہی پتہ لگاکر اُنھیں تباہ کر سکتے ہیں۔ Dornier-228 طیاروں اور ساحل سمندر سے کچھ دور تیزی سے گشت کرنے والے جدید ترین بحری جہازوں سے بھارتی ساحلی گارڈ کی صلاحیتوں میں اضافہ ہوگا، جن کی مدد سے وہ بہتر نگرانی، گشت، تلاش اور بچاؤ کا کام نیز قدرتی آفات کی صورت میں راحت کا کام بہتر طریقے سے انجام دے سکتے ہیں۔

بھوپیندر سنگھ کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں ضمیر رضوی

## Karnataka NDA

بھارتی فضائیہ کے بنگلورو میں واقع سافٹ ویئر ڈیولپمنٹ انسٹی ٹیوٹ نے نیشنل ڈیفنس اکیڈمی، NDA کیلئے سُپر Dimona ہوائی جہاز Simulator ڈیزائن، تیار اور فراہم کیا ہے۔ NDA کی فضائیہ کی تربیت سے متعلق ٹیم اِس Simulator کو کیڈٹس کیلئے استعمال کرے گی تاکہ وہ اڑان بھرنے کی ضروری معلومات سے ہم آہنگ ہوسکیں۔

Simulator میں 135 ڈگری کا نظارہ ہوسکے گا، جس سے زیر تربیت کیڈٹس کو زیادہ وسیع بصری تجربہ حاصل ہوسکے گا۔ Simulator کی تکنیکی باریکیوں، بناوٹ، اڑان کے کنٹرول، ڈسپلے اسکرین اور دیگر Panels کی تیاریوں میں مقامی پرائیویٹ صنعتوں کو شامل کیا گیا ہے۔ یہ سبھی خصوصیات اصلی ہوائی جہاز سے مماثلت رکھتی ہے۔ x

## Mumbsi RBI

بھارت کے ریزرو بینک کے ڈپٹی گورنر ڈاکٹر مائیکل ڈی پاترا نے کہا ہے کہ بھارت کے سبھی کی شمولیت والے پائیدار مستقبل کیلئے مضبوط مالیاتی شعبہ اہمیت کا حامل ہے کیونکہ سرمایے کے حصول کو آسان بنانے، لین دین کے اخراجات میں کمی لانے اور خطرات سے نمٹنے میں مضبوط مالیاتی شعبہ اہم رول ادا کرسکتا ہے۔ کنفیڈریشن آف انڈین انڈسٹریز، CII کی جانب سے آج ممبئی میں منعقدہ 'فنانسنگ 3.0'' کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے ڈاکٹر پاترا نے بھارت کی قابلِ ذکر ترقی کی داستان پر روشنی ڈالی۔ ڈاکٹر پاترا نے کہا کہ بھارت کا مستقبل طے کرنے میں مالیے کی اہمیت غیر متنازعہ ہے کیونکہ مالیے اور ترقی کے درمیان گہرا تعلق ہے۔

ڈاکٹر پاترا نے بنیادی ڈھانچے کی فنانسنگ، چھوٹے بہت چھوٹے اور درمیانی درجے کی صنعتوں، ہنرمندی، ماحولیاتی تبدیلی اور ڈیجیٹائزیشن جیسے پانچ مخصوص شعبوں کا ذکر کیا، جن میں فنانسنگ کے ذریعے بھارت کو بڑی طاقت کے طور پر اُبھارنے میں مدد ملے گی۔ x

## Chhattisgarh Encounter with VC

چھتیس گڑھ میں آج سکیورٹی فورسز کے ساتھ ایک جھڑپ میں 9 ماؤنواز ہلاک ہوگئے۔ یہ جھڑپ بَستر ڈویژن کے دانتے واڑہ اور بیجاپور ضلعوں کے سرحدی علاقے میں ہوئی۔

پیش ہے ہمارے رائے پور کے نمائندے کی ایک رپورٹ......

VC Vikalp Shukla

سکیورٹی فورسز کو چھتیس گڑھ کے بَستر ڈویژن کے دانتے واڑہ اور بیجاپور ضلعوں کے سرحدی علاقے میں بڑی تعداد میں ماؤنوازوں کی موجودگی کے بارے میں خبر ملی تھی۔ اِس کے بعد، سینٹرل ریزرو پولیس فورس CRPF اور ڈسٹرکٹ ریزرو گارڈ DRG کی ایک مشترکہ ٹیم کو Endri گاؤں کے نزدیک علاقے میں تلاشی کی کارروائی کیلئے بھیجا گیا۔ اِس کارروائی کے دوران، Bailadila کی پہاڑیوں کے نزدیک آج صبح سکیورٹی فورسز اور ماؤنوازوں کے درمیان ایک جھڑپ ہوئی۔ جھڑپ کے بعد جائے وقوع سے 9 ماؤنوازوں کی لاشوں کو برآمد کرلیا گیا۔ اِس کے علاوہ، جائے واردات سے ایک سیلف لوڈنگ رائفل SLR اور دیگر دو رائفلیں بھی برآمد کی گئی ہیں۔ تلاشی کی کارروائی اب بھی جاری ہے۔اِسی دوران، ریاست کے بیجاپور ضلع میں پولیس نے گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران مختلف مقامات سے 13 ماؤنوازوں کو گرفتار کیا ہے۔ اِن میں سے 7 ماؤنوازوں کو Gangalur علاقے سے اور دیگر 6 ماؤنوازوں کو Tarrem پولیس اسٹیشن علاقے سے گرفتار کیا گیا ہے۔ یہ ماؤنواز مبینہ طور پر بہت سے واقعات میں ملوث رہے ہیں۔

آکاشوانی رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ اردو خبروں کیلئے میں فیصل خان

## Home Ministry Tripura

مرکزی اور تریپورہ سرکاروں، تریپورہ کے نیشنل لبریشن فرنٹ NLFT، آل تریپورہ ٹائیگر فورس ATTF کے نمائندوں کے مابین، مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کی موجودگی میں کل نئی دلّی میں معاملات کو حل کرنے کے ایک مفاہمت نامے پر دستخط کئے جائیں گے۔ معاملات کو حل کرنے کے مفاہمت نامے پر دستخط کرنے کے دوران، تریپورہ کے وزیر اعلیٰ مانک ساہا اور وزارت داخلہ نیز تری پورہ سرکار کے سینئر حکام بھی موجود ہوں گے۔x

## WB Crimimnal Law Amendment Bill

مغربی بنگال اسمبلی نے Aparajita خواتین اور بچوں (مغربی بنگال فوجداری قوانین کے ترمیمی) بل 2024 کو آج صوتی ووٹ سے منظوری دے دی ہے۔ اب اِس بل کو ریاست کے گورنر کی منظوری کیلئے بھیجا جائے گا، جس کے بعد اِس بل کو بھارت کے صدر جمہوریہ کو بھیجا جائے گا۔ یہ بل، اگست میں سرکار کے زیر انتظام RG Kar

میڈیکل کالج اور اسپتال کی ایک خاتون ڈاکٹر کی آبروریزی اور قتل کے تناظر میں پیش کیا گیا تھا۔ ایوان میں بحث کے دوران، وزیر اعلیٰ ممتا بنرجی نے کہا کہ بل میں سزائے موت کی گنجائش رکھی گئی ہے۔ انھوں نے یہ بھی کہا کہ آبروریزی اور جنسی طور پر ہراساں کرنے پر جرم کیلئے بل میں سخت ترین سزا کی گنجائش رکھی گئی ہے۔x

## Kolkata Sandip Ghosh

کولکتہ میں RG Kar میڈیکل کالج اور اسپتال کے سابق پرنسپل ڈاکٹر سندیپ گھوش کو آج معطل کردیا گیا ہے۔ مغربی بنگال کے صحت اور خاندانی بہبود کے محکمے نے آج شام اُن کی معطّلی کا آرڈر جاری کیا۔ اِس سے قبل، ڈاکٹر سندیپ گھوش اور دیگر تین کو 10 ستمبر تک کیلئے CBI کی تحویل میں ریمانڈ پر دیا گیا تھا۔ اُنہیں ادارے میں مبینہ مالی بے ضابطگیوں سے متعلق بدعنوانی کے معاملے میں کل رات CBI نے گرفتار کیا تھا۔ دیگر تین افراد میں RG Kar میڈیکل کالج کے وینڈرس Biplav Singha، Suman Hazra اور سندیپ گھوش کے ذاتی سکیورٹی گارڈ افسر علی خاں شامل ہیں۔

## DRC-Death.

کانگو جمہوریہ ریپبلک کی راجدھانی میں Makala سینٹرل جیل سے فرار ہونے کی ایک کوشش میں کم سے کم 129 قیدی ہلاک اور دیگر 59 زخمی ہوگئے۔ کانگو جمہوریہ ریپبلک کے امور داخلہ کے وزیر Shabani Lukoo نے آج کہا کہ 24 قیدی انتباہی فائرنگ میں ہلاک ہوگئے جبکہ دیگر ہجوم میں یا دَم گھٹنے سے اُس وقت ہلاک ہوگئے جب کل صبح سویرے انھوں نے راجدھانی Kinshasa میں گنجائش سے زیادہ قیدیوں والی جیل سے بھاگنے کی کوشش کی۔ انھوں نے کہا کہ انتظامیہ کی عمارت، رجسٹری، اقامت گاہ اور خوراک کے ڈِپوؤں کو بھی جیل توڑ کر بھاگنے کی کوشش کے دوران آگ لگا دی گئی۔ اِس بھگدڑ میں 59 افراد زخمی ہوگئے۔مقامی میڈیا نے خبر دی ہے کہ کل صبح Makala سینٹرل جیل سے کئی گھنٹوں سے فائرنگ کی آواز سنائی دیتی رہی۔ ایمنسٹی انٹرنیشنل کی ایک رپورٹ کے مطابق اِس جیل میں جس میں ایک ہزار 500 قیدیوں کو رکھنے کی گنجائش ہے، 12 ہزار سے زیادہ قیدی تھے۔x

## Paralympics

پیرس پیرالمپکس 2024 مقابلوں کے چھٹے دن بھارت کی پیرا ایتھلیٹ Deepthi Jeenaji، خواتین کے 400 میٹر ٹی ٹوئنٹی فائنل مقابلے میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گی۔ وہیں مردوں کے ہائی جمپ T63 فائنل راؤنڈ میں Mariyappan Thangavavelu، شرد کمار اور شیلیش کمار اپنے جوہر دکھائیں گے۔

مردوں کے بھالا پھینکنے کے F-46 فائنل میں اجیت سنگھ، رِنکو اور سندر سنگھ مقابلہ آرائی کریں گے۔

پیرا تیر اندازی میں خواتین کے recurve مقابلوں میں تیر انداز پوجا حصہ لیں گی۔

اِس سے پہلے پیرا نشانے بازی میں Avani Lekhara، خواتین کے 50 میٹر رائفل 3 پوزیشن مقابلوں میں پانچویں نمبر پر رہیں اور سونے کا تمغہ حاصل نہ کر پائیں۔

وہیں دوسری بھارتی نشانے باز مونا اگروال بھی کوالیفکیشن مرحلہ طے نہ کر پائیں اور 13 ویں پوزیشن پر رہیں۔پیرا ایتھلیٹکس میں بھارت کی بھاگیہ شری، خواتین کے شاٹ پُٹ F-34 فائنل میں 7 اعشاریہ دو آٹھ میٹر کی کارکردگی کے ساتھ پانچویں نمبر پر رہیں۔ بھارت نے اب تک 15 تمغے جیتے ہیں، جن میں 3 سونے کے تمغے شامل ہیں۔تمغوں کی فہرست میں بھارت 15 ویں مقام پر ہے۔ x

## [Suhas Yathiraj Olympic Reax]

پیرس پیرالمپکس گیمز 2024 میں مردوں کے بیڈمنٹن مقابلے میں چاندی کا تمغہ جیتنے والے بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی Suhas Yathiraj نے اپنی کامیابی پر خوشی کا اظہار کیا ہے۔ آکاشوانی نیوز سے خصوصی بات چیت کرتے ہوئے Yathiraj نے نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ اپنے مقصد کے حصول کیلئے مکمل جذبے اور عزم کے ساتھ خود کو وقف کر دیں۔

S/B: 2100- Suhas Yathiraj

Suhas Yathiraj نے ٹوکیو اولمپکس میں اپنا پہلا پیرالمپکس کانسے کا تمغہ جیتا تھا۔ x

## [PM Paralympians]

وزیر اعظم نریندر مودی نے برونئی میں اپنی دن بھر کی مصروفیات کے بعد بھارت کے پیرالمپکس فاتح کھلاڑیوں سے فون پر بات کی اور انھیں مبارکباد دی۔ سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب مودی نے کہا کہ بھارت کو اپنے ایتھلیٹس پر فخر ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆